© rasailojaraid.com

صاحب ظفر کی نگرانی اور ودیا پرکاش صاحب سرور کی اڈیٹری میں بیادگار آغا حشر کاشمیری مرحوم ملتان سے نکلتا ہے۔ ادبی مضامین، افسانے، ڈرامے۔ دلچسپ ہوتے ہیں۔ غزلیں اور نظمیں بھی اچھی ہوتی ہیں۔

کہکشاں دہلی اڈیٹر سید کاظم صاحب دہلوی، اور معاون وحدت صاحب دہلوی۔ تقطیع بڑی۔ طباعت و کتابت بہتر۔ ضخامت ۴۸ صفحات چندہ سالانہ عہ/

یہ رسالہ ادبی ہے۔ مضامین نثر و نظم اچھے اور دلچسپ ہوتے ہیں۔ غزلوں اور نظموں کا حصہ بھی منتخب ہوتا ہے۔ ادبی مضامین کے پہلو بہ پہلو مذہبی اور تنقیدی مقالے بھی ہوتے ہیں بحیثیت مجموعی رسالہ لائق دید و مطالعہ ہے۔

انور اڈیٹر سید محمد ازہر شاہ صاحب قیصر۔ یہ اخبار حضرت علامہ مولانا سید محمد انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی یادگار میں دیوبند سے نکلنا شروع ہوا ہے۔ مذہبی اور اصلاحی مضامین جو اکثر و بیشتر خامۂ قیصری کے نگاریدہ ہوتے ہیں، پڑھنے کے لائق ہوتے ہیں۔ اگر اس اخبار کو سیاسی رائے زنی سے الگ رکھا جائے تو بہتر ہے ہر شخص کا کام نہیں کہ اس "مے مرد افگن" کا حریف بن سکے۔ اگر قیصر صاحب استقلال اور ہمت سے کام کرتے رہے تو امید ہے یہ پرچہ آئندہ اور ترقی کریگا۔ پرچہ پندرہ روزہ ہے۔ ضخامت آٹھ صفحات۔

راج اڈیٹر اے۔ ایم صدیقی صاحب، مقام اشاعت قاضی اسٹریٹ میرٹھ سالانہ چندہ عہ/ یہ آٹھ صفحوں کا ہفتہ وار اخبار میرٹھ سے نکلتا ہے۔ مختصر خبروں کے علاوہ بعض سیاسی اور ادبی مضامین متوسط درجہ کی استعداد کے لوگوں کے لیے خاصے ہوتے ہیں۔

© rasailojaraid.com